9726-جنابت کی حالت میں ہوائی جہاز میں نماز ادا کرنا

سوال

طویل مسافت کی فلائٹ میں بعض اوقات کوئی مسافر سو جائے اور اسے نیند میں احتلام ہو جائے، یا پھر مسافر ہوائی جہاز میں سوار ہو اور اسے غسل جنابت یاد نہ رہا ہو، یا پھر دوران پرواز عورت حیض یا نفاس سے نماز فجر کے وقت پاک ہو جائے، یہ علم میں رہے کہ فلائٹ اپنی جگہ پر نماز کا وقت نکل جانے کے بعد پہنچے گی، اور امن وسلامتی کا نظام ہوائی جہاز میں غسل کرنے کی اجازت نہیں دیتا، وہاں غسل مکمل طور پر ممنوع ہے کیونکہ لیٹرین اس کی اہل ہی نہیں، ایسی صورت میں کیا کیا جائے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو ہوائی
جہاز کے فرش پر تیمم کرنا ممکن ہو تو وہ تیمم کر لے، اور اگر تیمم کرنا ممکن نہ ہو،
کہ فرش پر گرد و غبار نہ ہو تو وہ نماز ادا کر لے چاہے بغیر طہارت ہی، اور جب اس کے
بعد طہارت پر قادر ہو تو طہارت کر لے.